میں انفرادی کوششیں بھی قابلِ قدر ہیں اور اس کام کو یکجا کر کے افادہ عام کے لیے پیش کرنا بھی قابلِ تحسین اور باعثِ اجر و ثواب ہے۔

اس کتاب میں دورِ حاضر میں پیدا شدہ اکثر فقہی مسائل شامل ہیں (جو رہ گئے ہیں، اُن کے لیے مؤلف نے اس کتاب کا حصہ دوم مرتب کرنے کا کام شروع کر رکھا ہے) یہ کتاب جدید تعلیم یافتہ حضرات و خواتین کے لیے بالخصوص اور عامۃ المسلمین کے لیے بالعموم مفید ہے۔ مولانا ابوالحسن علی ندوی اور مفتی دیوبند مولانا محمد ظفیر الدین صاحب نے بھی اس کتاب کی تحسین فرمائی ہے۔ (م - ر)

---

**کہنا بڑوں کا مانو** | مصنف: سید نظر زیدی: ناشر: کیرین اکیڈمی ڈی ۱۲/۱۶ سائٹ کراچی

صفحات: ۶۰ قیمت: ۴/ روپے۔

ہمارے فاضل دوست جناب سید نظر زیدی جو علمی و ادبی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ اب تک بچوں کے لیے نظم و نثر میں بیسیوں کتابیں لکھ چکے ہیں اور اس اعتبار سے وہ بنیادی طور پر بچوں کے ادیب ہی قرار پاتے ہیں۔

یہ کتاب بھی زیدی صاحب کی باقی کتابوں کی طرح اپنے اندر سلاست و روانی بھی رکھتی ہے اور اس میں بچوں کی ذہنی سطح اور ان کے طبعی ذوق کو بھی ملحوظ رکھا گیا ہے اور ان دونوں چیزوں کے ساتھ ان ساری ہدایات کا تو ام تیار کیا گیا ہے جو اسلام نے دی ہیں۔ مثلاً والدین کے احترام اور ان کی اطاعت و فرمانبرداری کی تلقین۔ افسوس کہ کتابت کی کچھ غلطیاں رہ گئی ہیں۔ جن کا ازالہ آئندہ ایڈیشن میں لازم ہے۔ مگر اب بھی اغلاط نامہ لگایا جا سکتا ہے۔ (اسعد ترابی)

---

**قرآن اور عورت** | از جناب پروفیسر محمد دین قاسمی بی۔ ایس۔ سی (آنرز) ایگرلکچرر ایم اے علومِ اسلامیہ۔ ناشر: ادارۂ مطبوعاتِ تکبیر نائکو سنٹر۔ کیمبل سٹریٹ کراچی۔

ضخامت: ۴۵۹ صفحات، سفید کاغذ، صاف ستھری کتابت، عمدہ طباعت، رنگین